ابصار احمد

حرفِ اوّل

ماہِ اگست کا شمارہ پیشِ خدمت ہے۔ قارئین کرام نے نوٹ کیا ہو گا کہ "حکمتِ قرآن" اب باقاعدگی سے ہر ماہ کی پندرہ تاریخ تک دفتر سے حوالۂ ڈاک کر دیا جاتا ہے۔ ہماری حتی المقدور کوشش یہی رہے گی کہ پرچے کی طباعت اور ترسیل کا یہ پروگرام بلا تاخیر جاری رہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس ارادے کو پورا کرنے کی ہمّت و صلاحیت دیں اور دینِ متین کی خدمت کی اس حقیر کوشش کو شرفِ قبولیت بخشیں۔ آمین

اس شمارے میں الھدیٰ کے ضمن میں سورۂ مومن کی مختصر تشریح دی جا رہی ہے مولانا محمد طاسین صاحب کے مقالے کی قسط پچھلے دو شماروں میں کاتب صاحب کی علالت کے باعث نہ دی جا سکی تھی۔ زیرِ نظر شمارے میں مولانا موصوف کے انتہائی وقیع مقالے کی ایک مفصّل قسط شامل اشاعت ہے۔ امید ہے قارئین اسے خیال افروز پائیں گے۔ ڈاکٹر محمد یوسف گورایہ صاحب کا مقالہ بعنوان " اسلام میں رہبانیت " بھی انتہائی دقیع علمی مقالہ ہے۔ یہ مقالہ ادارہ حکمتِ قرآن کو چند ماہ بیشتر موصول ہوا تھا۔ ہم معذرت خواہ ہیں کہ اس کی اشاعت میں بوجوہ تاخیر ہوئی۔

" قرآنی علم و فہم کا درجۂ حکمت " کے عنوان سے مولانا محمد تقی امینی صاحب کا ایک بصیرت افروز مضمون 'حکمت قرآن' کی پہلی باقاعدہ اشاعت بابت مئی ۱۹۸۲ء میں شائع ہوا تھا۔ مولانا موصوف علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں سُنّی دینیات کے صدرِ شعبہ ہیں۔ مولانا کا یہ مضمون دراصل اس موضوع پر سلسلہ وار تحریر کا پیش خیمہ تھا جو انہوں نے انجمن کے زیرِ اہتمام منعقدہ محاضراتِ قرآنی کے لئے ارسال کیا تھا۔ اس مضمون کی بقیہ اقساط ہندوستان کے ایک موقر جریدے "احتت. میں شائع ہو چکی ہیں۔ مولانا تقی امینی نے ازراہِ لطف و کرم ان بقیہ اقساط کو بھی 'حکمتِ قرآن' میں شائع کرنے کی اجازت مرحمت فرمائی ہے۔ چنانچہ اس سلسلے کی دوسری قسط اس شمارے میں شامل کی جا رہی ہے۔ آئندہ ان شاء اللہ تسلسل کے ساتھ بقیہ اقساط کو حکمتِ قرآن میں شائع کیا جائے گا۔